# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ ہفتم | مضمون۔ اُردو لازمی | کتاب کا نام۔ سورج مکھی |
| نظم کا نام۔ حمد | صفحہ نمبر۔ 1 تا 3 | پہلی سہ ماہی |

### یونٹ نمبر 1

**نظم کا نام: حمد** **شاعر کا نام: اکبر الٰہ آبادی**

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| عالَم | دنیا | کمی بیشی | کم یا زیادہ |
| صَنعت | کاریگری | تابع | فرماں بردار / مطیع |
| بر و بحر | سمندر اور خشکی | آشکارا | ظاہر ہونا |
| دارِ فانی | فنا ہونے والی دنیا | شانِ یکتائی | اللہ کی وحدانیت کی شان |
| نمودیں | مظاہر، نشانیاں | اجل | موت |

**حمد کی تعریف**

ایسی نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کی جائے حمد کہلاتا ہے۔

**حمد کا خلاصہ**

شاعر اکبر الٰہ آبادی اس "حمد" میں اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کو بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اللہ کا نام ازل سے ہے اور ابد تک رہے گا۔ زمین و آسمان اور اس میں موجود تمام مظاہر اس کی قدرت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ دن اور رات، سورج، چاند ستارے، پھل، پھول، ہوائیں غرض کائنات کا ہر ذرہ اس کی مرضی اور حکم کا تابع ہے۔ وہی زندگی اور موت دیتا ہے انسان کو اس دوروزہ زندگی کے فریب میں نہیں آنا چاہیے۔ بڑے بڑے بادشاہ آئے اور گئے اور ان کے انجام سے ہمیں سبق سیکھنا چاہیے۔ یہ دنیاوی زندگی ایک امتحان ہے۔ اچھے اعمال، بزرگوں کا ادب، اللہ کا ڈر اور آنکھوں میں شرم مذہب نے ان اوصاف کو اپنانے کی تلقین کی ہے۔

**مشقی سوالات کا حل**

**سوال نمبر 1۔ اس حمد کے شاعر کون ہیں؟ شاعر کے بارے میں مختصراً اپنے الفاظ میں لکھیے۔**

جواب: شاعر کا نام اکبر الٰہ آبادی ہے ان کا اصل نام سید اکبر حسین رضوی تھا۔ الٰہ آباد میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم مدرسہ میں حاصل کی۔ قانون کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد سیشن جج کی ملازمت کی۔ ہلکے پھلکے طنز و مزاحیہ انداز میں شاعری میں کی۔ ان کے مخصوص انداز بیاں کی وجہ سے انھیں "لسان العصر" کہا جاتا ہے۔

**سوال نمبر 2۔ اس حمد میں فطرت کے کون سے مظاہر اور نعمتوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ فہرست کی شکل میں لکھیے۔**

جواب: زمین و آسمان ، برو بحر، پھل اور غلہ، زندگی اور موت ، سبزہ و گل ، موسموں کی تبدیلی ، موج ہوا وغیرہ

**سوال نمبر 3۔ درج ذیل شعر کی تشریح کریں۔**

اسی کے انتظام و حکم سے موسم بدلتے ہیں وہی ہے وقت پر جس نے ہواؤں کو ابھارا ہے

تشریح: اکبر الہ آبادی نے اس شعر میں اللہ تعالیٰ جو کائنات کا خالق و مالک ہے اس کے بہترین اور منظم انداز میں کائنات کا نظام چلانے کی تعریف کی۔ اس کا کہنا ہے کہ اللہ کے حکم سے موسم بدلتے ہیں۔ وہ رات کو دن اور دن کو رات میں بدلتا ہے۔ اسی کے حکم سے ہواؤں کے رخ بدلتے ہیں۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے "بے شک دن اور رات کے آنے جانے میں اور موسموں کے بدلنے میں عقل مندوں کے لیے نشانیاں ہیں"

اس خوبصورت کائنات پر غور کیا جائے تو اس کے ذرے ذرے میں اس کی قدرت اور اس کی صناعی نظر آتی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس کائنات پر غور و فکر کر کے اللہ کی قدرت کو سمجھا جائے۔

**سوال نمبر 7۔ کچھ الفاظ کے اعراب کے بدلنے سے ان کے معانی بدل جاتے ہیں۔ درج ذیل الفاظ کے معانی تلاش کر کے لکھیے اور دونوں الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔**

جواب:

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| عالَم | دنیا | اس عالم کی ہر چیز اللہ کی پیدا کردہ ہے |
| عالِم | زیادہ علم والا | عالِم کے علم سے فائدہ اٹھانا چاہیے |
| جَلانا | آگ لگانا | لکڑی آگ جلانے کے کام آتی ہے |
| جِلانا | رونق بخشنا / تقویت دینا | اللہ کا ذکر کرنے سے انسان کے دل و دماغ کو جِلا ملتی ہے |

## گھر کا کام

**نظم کی پڑھائی کریں اور مشکل الفاظ کے معانی لکھیں اور یاد کریں۔ نیز مشقی سوالات کو تحریری ٹیسٹ کے لیے تیار کریں۔**

# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ ہفتم | مضمون۔ اردو لازمی | کتاب کا نام۔ سورج مکھی |
| نظم کا نام۔ حمد | صفحہ نمبر۔ 1 تا 3 | پہلی سہ ماہی |

**نظم کا نام حمد (متفرق سرگرمیاں)**

**اللہ تعالیٰ کسی ایسی نعمت کے بارے میں چند جملے تحریر کریں جسے پا کر آپ اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر ادا کرتے ہیں۔**

**اپنے پسندیدہ فطری منظر پر تین جملے تحریر کریں۔**

سرگرمی نمبر2

سوال۔ کچھ الفاظ کے اعراب کے بدلنے سے ان کے معانی بدل جاتے ہیں۔ درج ذیل الفاظ کے معانی تلاش کر کے لکھیے اور دونوں الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| مُلک | | |
| مِلک | | |
| دُکھانا | | |
| دِکھانا | | |